خلاصہ

شادی

ہدایہ

و

تفسیر

بشکریہ

تنویر الحدیث عطاری

جامعۃ المدینہ ڈیرہ غازی خان

درجہ ثالثہ

21-8-2023

Madina Academy.pk

DarseNizami.MadinaAcadmey.pk

تاریخ تفسیر و حدیث

اللہ پاک کا ارشاد فرمانا ہے
قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ
اور یہ بات محتاج بیان نہیں نبی علیہ السلام کی اتباع کیلئے آپ کے اقوال و افعال اور احوال کا جاننا ضروری ہے اور ان اقوال افعال اور احوال کو حدیث کہا جاتا ہے

سوال ۲: حدیث کی تعریف اور اقسام بیان کریں؟

جواب: (۱) حدیث کا اطلاق حضور علیہ السلام کے قول فعل اور تقریر پر کیا جاتا ہے

(۲) حدیث کا اطلاق صحابہ کے قول فعل اور تقریر پر کیا جاتا ہے

(۳) حدیث کا اطلاق تابعی کے قول فعل اور تقریر پر کیا جاتا ہے

نوٹ: تقریر سے مراد یہ کہ حضور علیہ السلام کے سامنے کوئی کام کیا گیا اور آپ نے اس سے منع نہیں فرمایا۔

حدیث کی بنیادی اقسام:

حدیث کی اقسام تین ہیں

(۱) مرفوع: جس حدیث سلسلہ (سند) حضور علیہ السلام پر منتہی ہو

(۲) موقوف: جس حدیث کا سلسلہ (سند) صحابی تک منتہی ہو

Madina Academy.pk

DarseNizami.MadinaAcadmey.pk

(3) مقطوع:-

جس حدیث سلسلہ (سند) تابعی تک منتہی ہو

اعتراض:-

قرآن میں جو حضور کی فرمانبرداری کا حکم ہے وہ ظاہری زندگی میں خاص ہے یا قیامت تک

جواب:-

یہ قیامت تک کیلئے ہے کیونکہ اگر ظاہری زندگی تک موقوف رکھا تو شریعت اسلامیہ نبی اسی مبارک زمانہ تک موقوف ہونا لازم آئے گا حالانکہ شریعت اسلامیہ تک ہے

سوال نقل و روایت کی ضرورت پر کوئی دلیل پیش کریں؟

جواب چونکہ حضور علیہ السلام کے اقوال قرآن و شریعت پر عمل کرنے کیلئے ان میں اور اسکی کیفیت بتانا حاصل شریعت پر عمل نہیں کر سکتا لہذا حضور علیہ السلام کے مبارک زمانے کے بعد آنے والے مسلمانوں کیلئے ان اقوال و احوال نقل و روایت علم و احکام پہنچانے کا کوئی اور ذریعہ نہیں بچا تھا اسلئے صحابہ اور تابعین و تبع تابعین کرام نے حضور علیہ السلام کے معمولات اور مشاہدات کو پہنچانا جائے اور یہ انکا ہم پر احسان ہے

Madina Academy.pk

DarseNizami.MadinaAcadmey.pk

سوال:- سلسلہ روایت تقویت کے اسباب بیان کریں؟

جواب:- عہد صحابہ میں سلسلہ روایت کی تقویت کے مختلف مختلف اسباب تھے جیسے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روای سے قسم لیتے تھے اسی طرح صحابہ و تابعین ناقل یہ باتیں ضروری سمجھتے تھے (1) واسطوں کا بیان کرنا (2) لوگ کیسا ں رہنے والے ہیں (3) انکی دیانت داری (4) تقوی (5) راست گفتاری (6) قوت حافظہ (7) حسن اعتقاد (8) فکر بصیرت و تمیز اسی کو اصطلاح حدیث اسناد کہتے ہیں۔

سوال:- اصول نقد حدیث بیان کریں

جواب:- احادیث کو اغلاط کی امیزش سے محفوظ رکھنے کیلئے ان چیزوں کا جاننا ضروری ہے (1) توحید رسالت میں محدث کا عقیدہ (2) اسکا بدمذہب نہ ہونا (3) ان مشائخ سے سماع کا ممکن ہونا جن سے روایت کرتا ہو

سوال:- حدیث کی تاریخ تدوین بیان کریں؟

جواب:- حضور علیہ السلام کے عہد مبارک میں صرف آیات قرآنیہ کی تحدید تدوین کی جاتی رہی تاکہ قرآن حدیث میں التباس نہ ہو جائے عہد فاروقی سے عہد عثمانی تک قرآن پاک کو کتابی شکل میں جب جمع کیا گیا اور دنیا کے کونے کونے میں پہنچا دیا

Madina Academy.pk

DarseNizami.MadinaAcadmey.pk

گیا۔ تو حضرت عمر بن عبد العزیز رضی اللہ عنہ کے حکم سے ۹۹ ھ میں احادیث کو باقاعدہ سے کتابت کے ذریعہ محفوظ کیا گیا

سوال ۱۰ حضرت عمر بن عبد العزیز نے ابو بکر بن حزم کو کیا حضور علیہ السلام کی جو حدیث ہے اسے لکھ لو کیونکہ مجھے علم اور علماء کے چلے جانے کا خوف ہے

سوال ۱۰ فن حدیث کی پہلی کتاب کس نے تصنیف کی

جواب ۱۰ سب سے پہلے ابن حزم رضی اللہ عنہ نے حدیث کی کتاب لکھی اسکے بعد مختلف شہروں میں لکھی گئی ۱۰ ابن جریج نے مکہ میں ۱۰ امام مالک نے مدینہ میں ۱۰ حماد نے بصرہ میں ۱۰ سفیان ثوری نے کوفہ میں ۱۰ امام اوزاعی نے شام میں ۱۰ عبد اللہ بن مبارک نے خراسان میں

Madina Academy.pk

DarseNizami.MadinaAcadmey.pk

تعارف تفسیر اور مفسرین

سوال: تفسیر و تاویل کی تعریف اور حکم بیان کریں؟

جواب: تفسیر کا لغوی معنی:

واضح کرنا

اصطلاحی تعریف:

اصطلاح میں قرآن مجید کے وہ احوال بیان کرنا جو عقل سے معلوم نہ ہوں بلکہ نقل کی ضرورت ہو جیسے بہ شان نزول ناسخ و منسوخ کا بیان

حکم:

تفسیر وہی قبول ہوگی جو منقول ہو لہذا اپنے رائے سے کی گئی تفسیر حرام ہوگی اسے تفسیر بالرائے کہتے ہیں۔

تاویل کا لغوی معنی:

تفسیر کرنا

اصطلاحی تعریف:

اصطلاح میں صرف نحوی قواعد اور دیگر علوم سے قرآن پاک طرح طرح کے معنی بیان کرنا

حکم:

اپنے علم و معرفت سے قرآن کی جائز تاویل کرنا اہل علم کیلئے جائز اور بے علم کیلئے حرام ہے

Madina Academy.pk

DarseNizami.MadinaAcadmey.pk

سوال: تفسیر قرآن کے درجات علمیند کریں؟

جواب: اسکے پانچ درجات ہیں

(1) تفسیر القرآن بالقرآن: یعنی قرآن کی تفسیر قرآن سے کی جائے (2) تفسیر القرآن بالحدیث: یعنی حضور علیہ السلام کی احادیث سے قرآن کی تفسیر کی جائے جیسے نماز روزہ زکوٰۃ کی وضاحت

(3) تفسیر القرآن باثار الصحابہ:

یہ صحابہ کرام کے اقوال سے وضاحت کی جائے

(4) تفسیر القرآن باثار التابعین:

یعنی تابعین کے اقوال کی روشنی میں وضاحت کی جائے مگر یاد رکھیں دیکھا جائے تابعی کس صحابی کا قول بیان کرے گا یہ اجماع تابعین والا قول ہوگا تو مقبول ہے ورنہ مقبول نہیں ہوگا

(5) تفسیر القرآن باللغۃ العربیہ:

یعنی عربی لغت اور قواعد سے معنی کی وضاحت کرنا

نوٹ:

احکام شرعیہ کی وضاحت پہلے چار اقسام سے کی جائیگی

سوال: تفسیر قرآن کی تاریخ بیان کریں؟

جواب: تاریخ قرآن چار ادوار پر مشتمل ہے۔

Madina Academy.pk

DarseNizami.MadinaAcadmey.pk

(1) نزول قرآن کا دور:-

جب قرآن نازل ہو رہا تھا تو حضور علیہ السلام خود اسکی وضاحت فرمایا کرتے تھے

(2) صحابہ کرام کا دور:-

حضور علیہ السلام کے وصال کے بعد صحابہ کرام قرآن پاک کی وضاحت فرماتے تھے کیونکہ انہوں نے حضور علیہ السلام سے خود سیکھا تھا

(3) اکابر تابعین کا دور:-

اس دور میں کوئی مشکل پیش آتی تو حضرات صحابہ کرام کے بارگاہ میں حاضر ہوتے اور مطالب سیکھتے

(4) تفسیر کی تدوین کا دور:-

تبع تابعین نے باقاعدہ طور پر قرآن پاک کی سورتوں کی تفسیر لکھنا شروع کر دیا اپنے دور میں:

سوال:- مشہور مفسرین کے نام بیان کریں؟

(1) خلفاء اربعہ رضی اللہ عنہم (2) حضرت عبداللہ بن عباس

(3) حضرت علی رضی اللہ عنہم اجمعین (4) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ

سوال:- سب سے جید اور کمزور طریقہ اور سند بیان کریں؟

(1) جید سند:- ابن علی بن ابی طلحہ الہاشمی

(2) کمزور سند:- سدی الکلبی عن ابی صالح عن ابن عباس

Madina Academy.pk

DarseNizami.MadinaAcadmey.pk

سوال:- مشہور تابعین مفسرین کے نام بتائیں؟

جواب:- (1) حضرت سالم (2) حضرت عطا بن یسار
(3) حضرت حسن بصری (4) حضرت قتادہ
(5) زید بن اسلم (6) حضرت امام شعبی (7) حضرت عکرمہ
(8) حضرت ضحاک (9) حضرت ابراہیم نخعی
(10) حضرت علقمہ رضی اللہ عنہم

سوال:- مفسر کیلئے کونسے علوم ضروری ہیں؟

جواب:- (1) صرف (2) نحو (3) لغت (4) معانی بیان
(5) اشتقاق (6) ناسخ و منسوخ (7) اصول فقہ
(8) اصول دین کا علم (9) اسباب نزول کا علم
(10) قرائتوں کا علم

سوال:- کتب تفسیر کی اقسام بیان کریں؟

جواب:- (1) علم الکلام پر مشتمل کتب تفسیر
جیسے:- تفسیر کبیر اور مدارک
(2) اثار پر مشتمل کتب تفسیر جیسے تفسیر در منثور اور جواہر الحسان
(3) احکام پر مشتمل کتب تفسیر جیسے تفسیرات احمدیہ اور احکام القرآن
(4) لغت پر مشتمل کتب تفسیر، جیسے البحر محیط
ارشاد العقل السلیم
(5) متفرق علوم پر مشتمل کتب تفسیر، جیسے۔
صاوی ۔ روح البیان ۔ مظہری ۔ روح المعانی

Madina Academy.pk
DarseNizami.MadinaAcadmey.pk